106489-جدید آلات کے ساتھ چاند دیکھنے میں کوئی حرج نہیں

سوال

کیا صرف آنکھ کے ساتھ چاند دیکھنا ضروری ہے یا کہ اس کے لیے ہم جدید آلات دوربین وغیرہ استعمال کرسکتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

شرعی دلائل کے ظاہر سے تو یہی ملتا ہے کہ لوگوں کو ان آلات کے ساتھ دیکھنے کا مکلف نہ بنایا جائے، بلکہ صرف آنکھ کے ساتھ ہی چاند دیکھنا ہی کافی ہے .

لیکن جو شخص ان آلات کے ساتھ دیکھتا ہے اور یقین کرلیتا ہے کہ اس نے ان آلات کے ساتھ چاند غروب آفتاب کے بعد دیکھا ہے اور وہ شخص مسلمان اور عادل ہو تو میرے علم کے مطابق اس کی رؤیت پر عمل کرنے میں کوئی مانع نہیں .

کیونکہ یہ رؤیت آنکھ کے ساتھ ہے نہ کہ فلکی حساب سے" انتہی

فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ.

مجموع فتاوی ومقالات متنوعۃ (15/67–68).